رہبر معظم کا زلزلہ سے متاثرہ علاقہ کا دورہ - 16 /Aug/ 2012

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے آج صبح صوبہ مشرقی آذربائیجان کے زلزلہ سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا اور زلزلہ سے متاثرہ افرادکےساتھ ہمدردی اور ہمدلی کا اظہار کرتے ہوئے امدادی کارروائیوں کا قریب سے جائزہ لیا۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی نے زلزلہ سے متاثرہ ضلع ہریس کےسرند گاؤں کا دورہ کیا۔ اس کے بعد رہبر معظم انقلاب اسلامی نے کوویج گاؤں کے لوگوں کے ساتھ ملاقات اور گفتگو کی اورانکی مشکلات کا قریب سے جائزہ لیا۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی نے کوویج گاؤں کے لوگوں سے خطاب کرتےہوئے فرمایا: میں آپ لوگوں سے ہمدردی اورہمدلی کااظہارکرنے اور تعزیت وتسلیت پیش کرنےکے لئے حاضرہواہوں اور ایران کی پوری قوم زلزلہ سے متاثرہ افراد کے ساتھ ہمدردی اور ہمدلی کا اظہار کرتی ہے۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے فرمایا: ایرانی عوام متحد اور متفق ہیں اور یہی اتحاد اور اتفاق ایرانی قوم کی طاقت اور قدرت کا مظہر ہے۔

رہبرمعظم انقلاب اسلامی نے زلزلہ سے متاثرہ افراد کو صبر وتحمل کی سفارش کرتےہوئے فرمایا: اس علاقہ کے عوام باہمی تعاون اورہمدردی کے ذریعہ اس علاقہ کی تقدیربدل سکتے ہیں۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی نے زلزلہ سے متاثرہ افراد کے لئے امدادی کارروائیوں کو خوب توصیف کرتےہوئے فرمایا: حکام کے دوش پر زلزلہ سے متاثرہ علاقوں کی پختہ اور مضبوط تعمیر کرنےکی سنگین ذمہ داری عائد ہےاوراس علاقہ کےعوام کو بھی چاہیے کہ وہ یہ ذمہ داری انجام دینے میں مقامی حکام کےساتھ تعاون کریں۔